(۳۶)

۳۰/۷/۲۳ھ
۳ ظ ۷ ھ

۸۸/۱۳۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ میں کہ مثلاً زید نے عمرو سے کہا کہ میرے لیے گاڑی خرید دو، اور اسکو ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپے دیے، عمرو نے چار لاکھ میں نقد پر گاڑی خریدی اور زید کو چھ لاکھ میں قسطوں پر بیچ دی اب پوچھنا یہ ہے کہ (۱) یہ رقم (ایک لاکھ ساٹھ ہزار) ایڈوانس لے سکتا ہے یا نہیں۔ (۲) اور اسطرح بیع کرنا جائز ہے یا نہیں۔

بینوا توجروا

المستفتی: محمد صدیق
بمعرفت شیدا اعظم
۰۳۱۳-۵۹۹۰۵۹۸
۰۳۲۲-۵۹۹۰۵۹۸

تنقیح: مستفتی سے پوچھنے پر معلوم ہوا کہ میں نے گاڑی موکل ہی کیلئے خریدی تھی اور اس کے پیسوں سے ساتھ اپنے پیسے ملا کر خریدی تھی۔

نیز زید نے ایک لاکھ ساٹھ ہزار ابتدائی رقم دی کہ بقیہ رقم بعد میں دے دونگا۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب حامداً ومصلیاً

صورت مسئولہ میں عمرو، زید کی طرف سے گاڑی خریدنے کا وکیل ہے، زید نے جو ایک لاکھ ساٹھ ہزار روپے عمرو کو دیئے یہ گاڑی کی کل قیمت میں سے بطور ایڈوانس کے شمار ہونگے۔ عمرو (وکیل) نے چونکہ گاڑی چار لاکھ کی خریدی ہے اور ان میں سے اس نے زید (موکل) کے دیئے ہوئے ایک لاکھ ساٹھ ہزار ملا کر ادا کئے ہیں تو یہ زید سے صرف وہ رقم وصول کر سکتا ہے جو اس نے اپنی طرف سے ادا کی ہے یعنی (دو لاکھ چالیس ہزار)۔ اس سے زیادہ وصول کرنا عمرو کیلئے جائز نہیں ہے۔

إذا أدى الوكيل بالشراء ثمن المبيع من ماله وقبضه كان له حق الرجوع على الموكل. يعني أن له أن يأخذ من الموكل مثل الثمن الذي أداه ..... لو اشترى الوكيل بثمن حال ثم أجل البائع الثمن فللوكيل أن يطالبه من الموكل لتقدّ.

(شرح المجلة لرستم باز: كتاب الوكالة الباب ۱۲۹۱، ۱۲۹۰، ۸۳/۲، ۸۲، دار الكتب العلمية)

وإذا دفع الوكيل بالشراء الثمن من ماله وقبض المبيع فله أن يرجع به على الموكل لأنه انعقدت بينهما مبادلة حكمية.

(الهداية، كتاب الوكالة، باب الوكالة بالبيع والشراء ۱۹۵/۳ رحمانية)

(جاری ہے)

Scanned by CamScanner

(وكذا في اللباب في شرح الكتاب، كتاب الوكالة، ٢/ ٦٩، قديمي)

(وكذا في بدائع الصنائع كتاب الوكالة، ٥/ ٣٦، رشيدية)

المال الذي قبضه الوكيل بالبيع والشراء وإيفاء الدين و استيفائه والمال الذي قبضه الوكيل بقبض العين بحسب وكالته هو في حكم الوديعة بيد الوكيل.

(شرح المجلة لرستم باز، المادة ١٤٦٣، ٢/ ٧٨٤، دار الكتب العلمية)

الوكيل بشراء شيئ بعينه لا يملك أن يشتريه لنفسه وإذا اشترى يقع الشراء للموكل، لأن شراءه لنفسه عزل لنفسه عن الوكالة وهو لا يملك ذلك إلا بمحضر من الموكل كما لا يملك المؤكل عزله إلا بمحضر منه على ما نذكره في موضعه إن شاء الله تعالى.

وأما الوكيل بشراء شيئ بغير عينه إذا اشترى يكون مشتريا لنفسه إلا أن ينويه للموكل. وجملة الكلام فيه أنه إذا قال: اشتريته لنفسي وصدقه الموكل فالمشترى له. وإذا قال الموكل: اشتريته لي، وصدقه الوكيل والمشترى للموكل، لأن الوكيل بشراء شيئ بغير عينه يملك الشراء لنفسه كما يملك للموكل فاحتمل شراؤه لموكله فيحكم فيه التصديق فيحمل على أحد الوجهين بتصادقهما.

ولو اختلفا فقال الوكيل: اشتريته لنفسي، وقال الموكل: اشتريته لي يحكم فيه الثمن فإن أدى الوكيل الثمن من دراهم نفسه فالمشترى له وإن أداه من دراهم موكله، فالمشترى لموكله لأن الظاهر لقد الثمن من مال من يشتري له فكان الظاهر شاهدا للثمن فكان صادقا في حكمه.

(بدائع الصنائع كتاب الوكالة، فصل وأما بيان حكم التوكيل، ٥/ ٣٣، رشيدية) فقط

والله تعالى أعلم بالصواب

كتبه: محمد راشد ڈسکوی

المتخصص في الفقه الإسلامي

بالجامعة الفاروقية بكراچي

٩/ ٥/ ١٤٣٠ھ

الجواب صحيح

محمد عفا الله عنه

١٣/ ٥/ ١٤٣٠ھ